# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-210**
موضوع: **شہرگیر اور اجتمائی تعلیمی کونسل ضابطہ انضباط اور شکایت درج کرنے کا طریقہ کار: امتیازیت اور ہراساں کرنے کے خلاف پالیسی**
زمرہ: **شہر گیر اور اجتمائی تعلیمی کونسلیں**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2021**

**سفارشات (28 اگست، 2024 کو جاری کی گئی)**

چانسلر نے مزید نظر ثانی کرنے تک اس ضابطے کے سیکشن II(C) اور (D) کے نفاذ سے مستثنٰی کر دیا ہے۔ سیکشن II(C) کے تحت کونسل کے اراکین کے لیے کسی ایسے طرزعمل کو اختیار کرنے کی ممانعت ہے جو ایذا رسائی، دھمکانے، یا ڈرانے کا سبب بنے، بشمول لیکن ان تک ہی محدود نہیں، اکثر زبانی بدکلامی کرنا اور غیر ضروری انتہا پسند تقریر جو دوسروں کو ڈرانے یا انکے ذاتی تحفظ کے لیے خدشے کی وجہ بنے۔ سیکشن II(D) کے تحت کونسل کے اراکین کے لیے ایسے طرزعمل اختیار کرنے کی ممانعت ہے جس میں DOE کے کسی طالب علم کے بارے میں ہتک آمیز یا دھمکی آمیز تبصرے شامل ہوں۔

Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-210**
موضوع: **شہرگیر اور اجتمائی تعلیمی کونسل کوڈ برائے طرزعمل اور شکایت درج کرنے کا طریقئہ کار: امتیازیت اور ہراساں کرنے کے خلاف پالیسی کے طریقئہ کار:**
زمرہ: **شہر گیر اور اجتمائی تعلیمی کونسلیں**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2021**

## خلاصه

یہ ضابطہ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کی امتیازیت اور ہراساں کرنے کے خلاف پالیسی کو قائم کرتا ہے جو شہر گیر اور اجتمائی تعلیمی کونسلوں کے منتخب اور تقرر شدہ اراکین کے طرزعمل کا احاطہ کرتا ہے اور اس ضابطے کی خلاف ورزی پر شکایات درج کرنے اور اسکے حل کرنے کے طریقئہ کار کی تشکیل کرتا ہے۔

## تعارف

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ("DOE") تسلیم کرتا ہے کہ DOE کے اسکولوں میں والدین کی قیادت اور شمولیت انتہائی اہم ہے۔ DOE کی یہ پالیسی ہے کہ منتخب اور تقرر کردہ والدین قائدین کے لیے ایک ایسا مثبت اور مددگار ماحول تشکیل دیا جائے جو امتیازیت، ہراس، جانبداری، نسل پرستی اور دھمکانے سے مبرّا ہو۔ DOE تمام والدین کا احترام کرنے اور توقیر سے پیش آنے اور بلا امتیاز اور منصفانہ شمولیت کے مواقع فراہم کرنے کے بارے میں پُرعزم ہے۔ DOE والدین کی قیادت میں متنوع نسلی، لسانی اور ثقافتی شناختوں کی شمولیت کے لیے پُرعزم ہے جس میں تاریخی طور پر دبی ہوئی آوازوں کو ابھارنا اور ان پر توجہ دینا ہے اور والدین کو سماجی تبدیلی لانے کے لیے با اختیار بنانا ہے۔

بطور منتخب اور تقرر کردہ والدین قائدین، کونسل کے اراکین کی ذمہ داری ہے کہ اخلاقیات، وقار اور اچھے طرز عمل کے اعلیٰ معیار کی پاسداری کریں۔ کونسلوں میں اور ان برادریوں میں جہاں وہ خدمت انجام دیتے ہیں، کونسل کے اراکین سے مثالی نمونہ بننے کی توقع کی جاتی ہے اور وہ اپنی ذمہ داریوں اس انداز میں انجام دیں جس میں تمام والدین اور طلبا کے حقوق کا احترام موجود ہے۔

اس ضابطے پر عمل کرنے کے علاوہ، کونسل کے ارکان پر لازم ہے کہ تمام قوانین، ذیلی قوانین، قواعد یا ضوابطے، معیارات، ہدایات اور معاہدوں پر عمل درآمد کریں گے جن کا تعلق ان کے کونسل رکن کے طور پر ذمہ داریوں سے ہے۔

## تشریحات

اس ضابطے کے مقاصد کے لیے مندرجہ ذیل اصطلاحات کا اطلاق کیا گیا ہے۔

1. CCEC کا مطلب ہے اجتمائی ضلعی تعلیمی کانسل / یا شہرگیر تعلیمی کونسل۔

2. کونسل اراکین کا مطلب 32 اجتمائی ضلعی تعلیمی کونسلوں، یا 4 شہرگیر کونسلوں کا ایک منتخب یا تقرر کردہ ایک رکن: شہرگیر کونسل برائے ہائی اسکول، شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم، شہرگیر کونسل برائے انگریزی زبان کے متعلمین، اور شہرگیر کونسل برائے ضلع 75۔

3. طرزعمل کا مطلب ہے لسانی اور جسمانی حرکات اور طرز عمل، بشمول کسی کونسل کے رکن کے ذریعے لسانی اور تحریری زبان کا استعمال، جب وہ (a) CCEC اجلاسوں، (b) CCEC کی منعقد کردہ تقریبات، (c) CCEC انتخابات اور مہمات، (d) عوام کے سامنے آنے اور کونسل کے رکن کا تقریبات میں اپنی سرکاری حیثیت میں شرکت کرنے میں، اور (e) دیگر سرگرمیوں میں جب ایسے طرزعمل کی وجہ سے اس ضلع میں یا اس اسکول کی برادری میں قابلِ قیاس اضطراب پھیلنے کا خدشہ ہو جس میں یہ رکن خدمات انجام دے رہا ہے اور / یا CCEC یا CCEC کے کونسل کے کسی رکن کو کام کرنے میں رخنہ اندازی کرے۔

4. FACE محکمئہ تعلیم کا دفتر برائے خاندان اور اجتمائی عطائے اختیار ہے، ایک ایسی ٹیم جو نیویارک شہر کے اسکولوں میں والدین کے قیادتی ڈھانچے کو فروغ دینے اور مدد دینے کی ذمہ دار ہے۔

5. مساوات کی تکمیل کا افسر ("ECO") محکمئہ تعلیم DOE کا ایک نامزد کردہ ملازم ہے جو اس ضابطے کی کی مبینہ خلاف ورزی کی شکایت کو موصول کرنے، جواب دینے، کارروائی کرنے، اور ان کی تفتیش کرنے کا ذمہ دار ہے۔

6. FACE مساوات کونسل (" مساوات کونسل") کونسلوں اور چانسلر کی والدین مشاورتی کونسل سے والدین قائدین کی ایک ٹیم ہے جنہیں FACE نے تقرر کیا ہے جو FACE کو ملازمت کی بھرتی کے لیے اور ECO کی حصولیابی کے لیے تجاویز دیں گے اور ECO کے پاس جمع کرائی جانے والی شکایات کو حل کرنے میں مشاورت فراہم کر سکتی ہے۔

7. ایک والدین کی تشریح بطور والدین (بذریعہ پیدائش یا گود لینے، سوتیلے والدین یا لے پالک والدین)، قانونی سرپرست یا بچے سے والدین کے رشتے میں وابستہ فرد کے طور پر کی جاتی ہے۔ بچے سے ایک والدین کے رشتے سے وابستہ فرد ایک ایسا فرد ہے جو والدین یا قانونی سرپرست کی جگہ باقاعدگی سے بچے کی نگہداشت اور نگرانی کا براہِ راست ذمہ دار ہوتا ہے۔

8. ذاتی قابلِ شناخت معلومات میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں، نام، عمر، گھر یا کام کا پتہ، ٹیلیفون نمبر، تاریخِ پیدائش ، شہریت کی حیثیت، نسلی یا مذہبی وابستگی، آجر اور ملازمت کی حیثیت، اسکولوں کے نام جن میں بچے جاتے ہیں، اور بچوں کی تعلیمی تقرری یا پروگرام۔

9. OSI نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم کا دفتر برائے خاص تفتیشات ہے۔

10. SCI نیویارک شہر اسکول ضلع کا ایک خاص کمشنر برائے تفتیش ہے، ایک خود مختار ادارہ ہے جو نیویارک شہر تعلیمی ضلع میں مبینہ برے طرزعمل کی تفتیش کرتا ہے۔

NYC Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: **D-210**
موضوع: **شہرگیر اور اجتمائی تعلیمی کونسل ضابطہ انضباط اور شکایت درج کرنے کا طریقئہ کار: امتیازیت اور ہراساں کرنے کے خلاف پالیسی:**
زمرہ: **شہر گیر اور اجتمائی تعلیمی کونسلیں**
جاری کردہ: **22 دسمبر، 2021**

## I. نوعیت

A. جس طرزِعمل کی وجہ سے اس ضوابط کی خلاف ورزی کا ارتکاب ہوا ہے وہ تادیبی کارروائی کی بنیاد بنسکتا ہے، چاہے وہ وفاقی، ریاستی یا مقامی امتیازی قوانین کی خلاف ورزی کی سطح تک نہ بھی پہنچتا ہو۔

B. ایک کونسل کا رکن جس نے اس ضابطے کی خلاف ورزی کی ہے، بشمول اس کونسل کے رکن کے امیدوار ہونے کے دوران یا اسکے کونسل کی مدت کے آغاز سے قبل، جیسے کہ جز III میں بیان کیا گیا ہے۔

C. کونسل کے اراکین کو کسی فرد، ادارے یا تنظیم جن کے ساتھ انکی وابستگی ہے کسی ایسے طرزعمل کو فروغ دینے یا اس کو اختیار کرنے کی وجہ نہ بنیں گے، نہ ہی اس کی درخواست یا حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے یا مشغول ہونا چاہیئے، جس سے اس ضابطے کی خلاف ورزی ہوتی ہو اگر اس کو کونسل کا رکن اختیار کیا ہے۔

## II. ضابطہ اخلاق

A. محکمئہ تعلیم اصل یا ادراکی نسل، رنگ، مذہب، مسلک، نسلیت، قومی نژاد، وابستگی، شہریت کی حیثیت، عمر، ازدواجی حیثیت، رفاقت کی صورتِ حال، معذوری، جنسی رجحان، جنس اور فوجی حیثیت کی بنیاد پر امتیازیت یا ایذا رسانی کی ممانعت کرتا ہے۔

B. کونسل کے اراکین کسی ایسے طرزعمل اختیار نہیں کر سکتے جس سے کوئی فرد یا ادارہ جز II.A میں دی گئی بنیاد کے تحت امتیازیت یا ایذارسانی کا شکار ہو۔

C. کونسل کے اراکین کسی ایسے طرزعمل کو اختیار نہیں کر سکتا ہے جو سے ایذا رسائی، دھمکانے، یا ڈرانے کا سبب بنے، بشمول لیکن ان تک ہی محدود نہیں، اکثر زبانی بدکلامی کرنا اور غیر ضروری انتہا پسند تقریر کرنا جو دوسروں کو ڈرانے یا انکے ذاتی تحفظ کے لیے خدشے کی وجہ بنے۔

D. DOE بچوں کا احترام نہ کرنے کو برداشت نہیں کرتا۔ کونسل کے اراکین کو ایسے طرزعمل اختیار نہیں کرنے چاہیئیں جس میں DOE کے کسی طالب علم کے بارے میں ہتک آمیز یا دھمکی آمیز تبصرے شامل ہوں۔

E. کونسل کے اراکین کو ایسے طرزعمل اختیار نہیں کرنے چاہیئیں جس سے DOE کے کسی طالب علم یا اس طالب علم کے خاندان کے ایک رکن کے بارے میں نجی یا ذاتی قابلِ شناخت معلومات کو بغیر انکی اجازت کے عوام کے سامنے ظاہر، اشتراک یا عیاں کرے۔

F. کاونسل کے اراکین ایسی کوئی ای میل فہرست، لسٹ سرو (listserv)، ویب سائٹ، سوشل میڈیا اکاونٹ یا دیگر ابلاغ کے ذرائع (پلیٹ فارمز) جسکی انہیں اپنے کونسل کے رکن کے عہدے کی وجہ سے رسائی حاصل ہو، دیگر افراد کے بارے میں غلط بیانات دینے، اپنا ذاتی یا نجی مفاد حاصل کرنے، یا کسی انفرادی امیدوار کا ساتھ دینے یا امیدواروں کے خلاف تنقید کرنے کے لیے استعمال نہیں کریں گے۔

G. کونسل کے اراکین کو یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ کسی والدین یا طالب علم کے بارے میں کونسل کے ذریعے حاصل کی گئی رابطہ معلومات افشا ہونے سے محفوظ رہیں اور ان کو صرف جائز، کونسل کے سرکاری مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے اور ذاتی ابلاغ، ترغیب یا انتخابی مہم کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔

H. کونسل کے اراکین اپنے عہدے کو اپنے، ان کے خاندان کے اراکین، یا کسی بھی فرد یا کمپنی کے ذاتی یا مالی فائدے کے لیے استعمال نہیں کریں گے جن سے ان کے کوئی کاروباری یا مالی تعلقات ہیں۔

I. کونسل کے اراکین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ضابطے کے بارے میں واقفیت حاصل کریں اور تمام تربیتوں اور جاری تعلیمی مواقع میں شرکت کریں جنہیں FACE کے ذریعے نیویارک تعلیمی قانون حصہ (7)2590 e کے تحت منعقد کیا گیا ہو۔

## III. اصلاحی اور تادیبی عمل

اصلاحی اور تادیبی عمل اس وقت مناسب ہو سکتا ہے جب ایک کانسل کے رکن کے طرزعمل سے اس ضابطے، یا کسی دیگر قابل اطلاق قانون کی شق، ذیلی قوانین، قواعد یا ضوابطے، معیارات، ہدایات اور معاہدوں کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

کوئی بھی اصلاحی اور تادیبی عمل تعلیمی قانون حصہ I-2590 سے ہم آہنگ ہونا چاہیے اور اس میں شامل ہو سکتے ہیں مگر انہی تک محدود نہیں، نامناسب طرزعمل کے خاتمے کے لیے حکم جاری کرنا یا مطلوبہ عمل کرنا، یا کسی رکن کو عہدے سے برطرف یا معطل کرنا۔

جن کونسل کے اراکین کو انکے طرزعمل کی وجہ سے برطرف کیا گیا ہے انہیں اس بناء پر کسی کونسل، اسکول یا ضلع زمرہ I والدین کی مشاورتی کونسل میں خدمات سرانجام دینے سے منع کیا جا سکتا ہے۔

## IV. شکایت کا طریقہ کار

A. ایک شکایت دائر کرنا

1. کوئی بھی انفرادی فرد ECO میں اس ضابطے کی خلاف ورزی کے خلاف ذیلی طریقوں سے شکایات دائر کر سکتا ہے: الیکٹرانکلی [لنک عنقریب آ رہا ہے] پر دستیاب شکایت فارم کو استعمال کرتے ہوئے؛ یا اس ضابطے کے آخر میں دیے گئے ECO کے ای میل، فون، ڈاک کے ذریعے یا بذاتِ خود مطلع کر سکتا ہے۔
2. شکایات میں مدعی (مدعیان) کا نام ہونا لازمی ہے اور اس میں ایک ٹیلیفون نمبر یا ای میل پتہ شامل ہونا چاہیے جس پر ان سے رابطہ کیا جا سکے۔ بے نامی شکایات منظور نہیں کی جائے گی۔
3. اس ضابطے کی مبینہ خلاف ورزی کے بارے میں ایک شکایت کو اس مبینہ واقعے کے رونما ہونے کے 60 تقویمی دن کے اندر جمع کرا دینا چاہیے۔
4. شکایت کی کاروائی کے دوران، چانسلر کا ضابطہ A-663 کے تحت حسب ضرورت لسانی امداد کی خدمات فراہم کی جانی چاہئیں۔
5. اس کے علاوہ، افراد SCI کو براہ راست مبینہ خلاف ورزیوں کی شکایات https://nycsci.org/online-complaint-form/ پر یا 1400-501 212 پر کر سکتے ہیں۔

6. ECO میں دائر کردہ ایک شکایت جس میں رشوت ستانی کے مبینہ طرزعمل، مجرمانہ سرگرمی، یا مفادات کا تصادم کے الزامات شامل ہیں، انہیں SCI اور، جب مجرمانہ سرگرمی کا الزام لگا ہو، نیویارک شہر محکمۂ پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔

**B.** ابتدائی ردِ عمل

1. ECO ایک شکایت موصول ہونے کے 2 کاروباری دن کے اندر مدعی کو تحریر میں موصولی کی تصدیق کرے گا۔ ECO اس شکایت کی ایک نقل FACE مساوات کونسل کو فراہم کرے گی۔
2. شکایات کو FACE کی فائل میں رکھا جائے گا۔ شکایت اور تفتیش کو ضیغئہ راز میں رکھا جائے گا ماسوائے جیسے کے حصہ IV.C.3 میں قائم کیا گیا ہے۔
3. اگر ECO، مساوی کونسل کی مشاورت کے ساتھ، یہ سمجھتا ہے کہ اس مبینہ طرزعمل کی نوعیت مجرمانہ ہے، اور یہ طلبا یا DOE کے عملے کے بہبود یا حفاظت کے خلاف فوری خطرہ کا باعث بن سکتا ہے، یا نیویارک شہر اسکول ضلع، ECO یہ درخواست کر سکتا ہے کہ شکایت کی تفتیش کے مکمل ہونے تک چانسلر اس کونسل کے رکن کو معطل کر دے یا ہٹا دے جس کے خلاف یہ شکایت درج کی گئی ہے۔

**C.** شکایات کی تفتیش کے لیے طریقہ ہائے کار

1. ایک شکایت کے وصول کیے جانے کے 3 کاروباری دن کے اندر، ECO یہ تعین کرنے کے لیے جائزہ لے گا کہ کیا اس شکایت میں ایسے مبینہ طرزعمل شامل ہے جس کی اس ضابطہ میں ممانعت ہے۔
2. ر ECO فیصلہ کرتا ہے کہ شکایت کردہ مبینہ طرزعمل کی اس ضابطے میں ممانعت ہے، ECO ایک تفتیش کرے گی جس میں فریقین اور گواہان کا انٹرویو لیا جائے گا اور متعلقہ واقع کا جائزہ لیا جائے گا۔ جس شخص کے خلاف شکایت کی گئی ہے اسے ان الزامات کا جواب دینے کا حق حاصل ہے۔ ECO ایک شکایت موصول ہونے کے 60 تقویمی دن کے اندر اپنی تفتیش مکمل کرے گی۔
3. یہ DOE کی پالیسی ہے کہ اس ضابطے کے تحت کی گئی شکایات کے تمام فریقین اور گواہان کی رازداری کا احترام کیا جائے۔ البتہ، مطلوبہ تفتیش کی کارروائی میں تعاون کی فراہمی، باضابطہ کارروائی کی فراہمی اور / یا اس شکایت کی تفتیش یا حل کرنے کے لیے، ملزم کو باضابطہ طریقہ کار فراہم کرنے کے لیے اور / یا شکایت کے لیے راضی نامہ کرنے یا حل کرنے کے لیے مطلوبہ اقدامات اٹھانے میں راز داری میں توازن کا ہونا ضروری ہے۔ اس لیے، شکایت کے متعلق معلومات کو چند مخصوص حالات میں حسبِ مناسبت عیاں کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
4. تحقیقات کے بعد ECO، نتائج کی ایک تحریری رپورٹ جمع کرائے گا اور تجویز دے گا کہ آیا اس ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور مساوی کونسل کو اصلاحی یا نظم و ضبط کے اقدام کے لیے تجویز دے گا۔ مساوی کاونسل تحقیقات اور تجاویز کا جائزہ لے گی اور، 10 تقویمی دن میں، اپنی تجاویز ECO کو فراہم کرے گی۔
5. اگر کسی معاملے میں ECO اور مساوی کاونسل کے درمیان کوئی اختلاف رائے ہو جائے، ECO کی تجویز تسلیم کی جائے گی۔

**D.** فیصلہ

1. ECO کو اس شکایت کے موصول ہونے کے 60 تقویمی دن کے اندر، ECO چانسلر کو اپنی تجویز فراہم کرے گا کہ آیا اس ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی ہے، اور مناسب اصلاحی یا نظم و ضبط کی کاروائی بھی، ماسوائے یہ کہ حالات وقت میں توسیع کا تقاضہ کر رہے ہوں۔
2. ECO کی جانب سے تجویز کو موصول کرنے کے 10 کاروباری دن میں چانسلر یا نامزد کردہ ایک تحریری فیصلہ جاری کرے گا کہ آیا اس ضابطے کی خلاف ورزی ہوئی ہے، اور مناسب اصلاحی یا نظم و ضبط کی

کاروائی بھی۔ مدعی (مدعیان) اور مدعا علیہ (مدعا علیہان) کو اس فیصلے سے تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا۔

**.E** مصالحت کا موقع

1. کسی اصلاحی یا نظم و ضبط کے اقدامات کے نفاذ سے قبل، اس عمل سے متعلق کونسل کے رکن کو چانسلر یا چانسلر کے نامزد کردہ کے ساتھ مصالحت کا ایک موقع چانسلر کے فیصلے کے 10 تقویمی دن کے اندر فراہم کیا جائے گا۔
2. چانسلر کسی کونسل کے رکن کو بغیر ایک مصالحت کے موقع فراہم کیے معطل یا برطرف کر سکتا ہے اگر یہ عمل:
   a. مجرمانہ نوعیت کا ہے،
   b. طلبا یا DOE کے کسی ملازم کی حفاظت اور بہبود کے لیے ایک فوری خطرہ ہے، یا
   c. چانسلر کی نظر میں یہ نیویارک شہر اسکول ضلع کے بہترین مفاد کے خلاف ہے۔

## .V انتقام

DOE کی پالیسی کسی انفرادی شخص کے خلاف ایسی انتقامی کاروائی کی ممانعت کرتی ہے جو تفرقانہ طریقہ کار پر اختلاف کرتا ہے یا جو تفرقانہ یا ایذا رسانی کے خلاف اس ضابطے کے تحت شکایت کرتا ہے، یا جو اس ضابطے کی مبینہ خلاف ورزی کی تحقیقات دائر کرتا ہے یا اس میں شریک ہوتا ہے۔ کسی بھی فرد کے اس میں حصہ لینے کے باعث ان کے خلاف کسی بھی ناموافق عمل کو انتقامی کارروائی

سمجھا جاتا ہے۔

## .VI سالانہ جائزہ

اس ضابطے کا ECO اور مساوی کونسل سالانہ بنیاد پر جائزہ لیں گی اور حسب ضرورت قانون کے مطابق تجدید کریں گی۔

## VII. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو ذیلی پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Family and Community Empowerment
Department of Education ،N.Y.C
52 Chambers Street - Room 405
New York, NY 10007
ٹیلیفون: 212-374-4118
ای میل: FACE@schools.nyc.gov

Equity Compliance Officer
Department of Education ،N.Y.C
52 Chambers Street – Room [بعد میں کیا جائے گا۔]
New York, NY 10007
ٹیلیفون: [بعد میں طے کیا جائے گا]
ای میل: [بعد میں طے کیا جائے گا]